دھمکی اور ہراسانگی
کا سامنہ کرنے کے لیے رہنمائی

امریکی محکمۂ انصاف
فیڈرل بیورو آف انوسٹی گیشن

سائبر حملے

سائبر حملہ آپ کے برقی آلات کو کو کمزور اور آپ کی ذاتی معلومات افشاء کر سکتا ہے۔

- پاس ورڈ کے لیے استعمال ہونے والا مضبوط جملہ استعمال کریں اور متفرق ویب سائٹوں پر ایک ہی جملہ استعمال نہ کریں۔
- وائرس اور مال ویئر کے مخالف ایپلیکیشنز کو خود کار طور پر اپڈیٹ ہونے دیں۔
- جسے ہی سسٹم اور سافٹ ویئر کی نئی اپ ڈیٹ دستیاب ہوتی ہے اُسے لاگو کریں۔
- ڈُہری تصدیق کا اطلاق کریں۔
- ڈیٹا کو باقاعدگی سے بیک اپ کریں۔

اگر آپ کو شک ہے کہ آپ کو سائبر حملے کا نشانہ بنایا گیا ہے تو:

- اپنے کمپیوٹر سسٹمز کو ڈیلیٹ یا تبدیل نہ کریں
- اپنے اکاونٹس کو شناخت کی چوری سے بچانے کے لیے فوری طور پر اپنے مالی اداروں سے رابطہ کریں۔
- اپنا پاسورڈ والا جملہ تبدیل کریں اور اپنے کسی بھی مشتبہ سرگرمی کو دیکھنے کے لیے اپنے اکاونٹس کی نگرانی کریں۔

برقی پیغام پر دھمکی

برقی پیغام پر دھمکی ایسی دھمکی کو کہتے ہیں جو براہِ راست میسج، ای میل یا سوشل میڈیا کے زریعے دی جاتی ہے۔ اس میں تقاضے کی تعمیل نہ کرنے کی صورت میں بلیک میل یا بُرے نتائج کی دھمکی شامل ہو سکتے ہیں۔

- نامعلوم ارسال کنندگان کی جانب سے ملنے والا کوئی برقی پیغام یا اٹیچمنٹ نہ کھولیں۔
- نامعلوم یا غیر مدعو افراد کے ساتھ سوشل میڈیا پر گفتگو نہ کریں۔
- یقین دہانی کریں کہ آپ کی سکیورٹی سیٹنگز تحفظ کے سب سے اونچے درجے پر رکھی گئی ہیں۔

اگر برقی پیغام پر دھمکی ملے تو:

- پیغام حذف نہ کریں۔ فرنزک جائزہ لینے پر اُس میں سے اہم تفصیلات مل سکتی ہیں۔
- کمپیوٹر پر پیغام کھُلا رہنے دیں۔
- فوری طور پر قانون نافذ کرنے والوں کو اطلاع دیں۔
- پیغام کی عنوانی سطر، تاریخ اور وقت پرنٹ یا نقل کر لیں یا اُس کی تصویر لے لیں۔
- تمام برقی ثبوت محفوظ کر لیں۔

فون پر دھمکی

فون پر دھمکی، وہ دھمکی ہے جو فون پر دی جائے۔ کال کرنے والے اور دھمکی کے بارے میں جس قدر ممکن ہو معلومات اکٹھی کریں، سوائے اس صورت میں کہ دھمکی دینے والا قریب ہی ہو اور آپ کو یا دوسروں کو فوری طور پر نقصان پہنچا سکتا ہو۔

- پُرسکون رہیں اور فون بند نہ کریں۔
- جتنی دیر تک ممکن ہو فون کرنے والے سے بات کرتے رہیں اور معلومات لے کر یہ فیصلہ کرنے کی کوشش کریں کہ کیا یہ دھمکی مخصوص ہے، حقیقت پر مبنی ہے، اور کیا آپ کو یا دوسروں کو اس سے فوری خطرہ لاحق ہے۔
- اگر ممکن ہو تو اشارے سے قریب موجود دوسرے لوگوں کو سننے اور قانون نافذ کرنے والوں کو مطلع کرنے کا کہیں۔
- فون کی برقی سکرین پر موجود کوئی بھی معلومات نقل کر لیں۔
- دھمکی میں کہے الفاظ، عین ویسے ہی لکھ لیں۔
- اگر ممکن ہو تو کال ریکارڈ کر لیں۔
- قانون نافذ کرنے والے عملے کے ساتھ تفصیلات کے بارے میں بات کرنے کے لیے دستیاب رہیں۔

رُوبرُو دھمکی

جسمانی رُوبرُو دھمکی اُسے کہتے ہیں ہے جب فاصلے کے لحاظ سے دھمکی دینے والے شخص کے قریب ہونے کی وجہ سے آپ کو فوری خطرہ ہو۔ اِس صورت میں آپ تین چیزیں کر سکتے ہیں:

1. **بھاگیں:** وہاں سے نکل جانے کے لیے راستے کی نشاندہی کریں۔ کوئی بھی املاک جو آپ کے لیے تاخیر کا باعث بن سکتی ہیں چھوڑ دیں۔ اگر ممکن ہو تو بچ نکلنے میں دوسروں کی مدد کریں۔ 911 پر کال کریں۔
2. **چھُپیں:** دھمکی دینے والے کی نظر سے چھُپ جائیں۔ دروازے مقفل کریں اور داخلی راستے بند کریں۔ اپنے موبائل کی آواز (بشمول وائبریٹ) بالکل بند کریں دیں اور جب تک خطرہ ٹل نہ جائے خاموش رہیں۔
3. **لڑیں:** لڑنا آخری چارہ ہونا چاہیے اور صرف اُس صورت میں جب آپ کی زندگی کو ناگزیر خطرہ ہو۔ خطرے کو زائل کرنے کی کوشش کریں۔ جس قدر جسمانی جارحیت میں عمل کر سکتے ہیں، کریں۔

زبانی رُوبرُو دھمکی، ایسی دھمکی ہوتی ہے جس میں دھمکی پانے والے کو فوری خطرہ نہیں ہو تا بلکہ دھمکی پر کچھ تاخیر سے عمل کرنے کی نیت ہوتی ہے۔

- دھمکی لکھ لیں یا کسی اور طریقے سے اُسے ویسے ہی محفوظ کر لیں جیسے دی گئی تھی۔
- جس قدر ممکن ہو دھمکی دینے والے شخص کے بارے میں توضیحی تفصیلات محفوظ کر لیں: نام، شبیہ، رنگت، جنس، قد، وزن، بال اور آنکھوں کا رنگ، آواز، کپڑے یا کوئی بھی اور امتیازی خصوصیت۔
- قانون نافذ کرنے والوں کو دھمکی کی اطلاع دیں۔

اگر آپ فوری جسمانی خطرے میں ہیں تو 911 پر کال کریں۔

اگر آپ کو دھمکی ملے تو ایف بی آئی کے مقامی فیلڈ آفس سے (فہرستیں www.fbi.gov پر دستیاب ہیں) رابطہ کریں، یا 1-800-CALLFBI (یعنی 1-800-225-5324) پر کال کر کے یا www.fbi.gov/tips پر جا کر تفتیشی اشارہ جمع کروائیں۔

آپ فون یا آن لائن پس پردہ بھی رہ کر ایف بی آئی کو تفتیشی اشارہ دے سکتے ہیں۔

امریکی محکمۂ انصاف
فیڈرل بیورو آف انوسٹی گیشن

دھمکی اور ہراسانگی
کا سامنہ کرنے کے لیے رہنمائی

اگر مجھے دھمکی ملے یا ہراساں کیا جائے تو مجھے کس سے رابطہ کرنا چاہیے: مقامی پولیس سے یا ایف بی آئی سے؟

- اگر آپ یا دوسرے لوگ فوری جسمانی خطرے میں ہیں تو 911 پر کال کر کے مقامی پولیس سے رابطہ کریں۔
- اگر آپ کو ملنے والی دھمکی کا تعلق وفاقی طور پر مقرر کردہ جرم سے ہے تو برائے مہربانی ایف بی آئی کے مقامی فیلڈ آفس سے (فہرستیں www.fbi.gov پر دستیاب ہیں) 1-800-CALLFBI (یعنی 1-800-225-5324) پر کال کر کے رابطہ کریں یا www.fbi.gov/tips پر جا کر تفتیشی اشارہ جمع کروائیں۔ مثالوں میں بیرون ملکی حکومت کے کسی اہلکار، منظم جرائم کے کسی فرد، یا سرکاری افسر کی دھمکیاں شامل ہیں۔ آپ کی اطلاع گمنام بھی ہو سکتی ہے۔
- تمام واقعات ایف بی آئی کے تفتیشی دائرۂ کار میں نہیں آتے۔ اگر آپ کسی ایسے واقعے کا نشانہ بنے ہیں جو وفاقی جرم نہیں گردانا جاتا تو ممکن ہے کہ آپ کو اس واقعے کی اطلاع مقامی محکمۂ پولیس کو دینے کی ضرورت پڑے۔ مقامی اور ریاستی اختیارات میں مشتبہ جرائم کی تفتیش کے لیے دائرۂ عمل مختلف ہوتے ہیں۔

اگر ایف بی آئی میرا انٹرویو کرے تو مجھے کیا توقع کرنی چاہیے؟

- ایف بی آئی کا ایجنٹ آپ کے ساتھ ایف بی آئی کے فیلڈ آفس یا کسی اور جگہ پر ملاقات کر سکتا ہے۔
- ایف بی آئی آپ سے کہے گی کہ آپ خود کو ملنے والی دھمکی اور مرتکب کے بارے میں جتنی تفصیلات مہیا کر سکتے ہیں، کریں۔
- ضرورت پڑنے پر آپ کے ساتھ پیگیری کرنے کے لیے ایف بی آئی آپ کے رابطے کی معلومات آپ سے مانگے گی۔
- ایف بی آئی آپ کی شناخت اور رازداری کی حفاظت کرنے کی کوشش کرے گی۔
- اگر مناسب ہو تو ممکن ہے کہ ایف بی آئی کا ماہر برائے متاثرین معلومات اور معاونت مہیا کرنے کے لیے انٹرویو کے دوران موجود ہو یا وہ ہو، یا ہو سکتا ہے کہ وہ انٹرویو کے بعد فون یا ڈاک کے زریعے آپ سے رابطہ کرے۔

کسی شکایت کی تفتیش اور / یا تفتیش کی ابتدا کرنے کے لیے ایف بی آئی کی حدِ ابتدا کیا ہے؟

- ایف بی آئی ایسی دھمکیوں کی تفتیش کر سکتی ہے جس میں امریکی وفاقی قانون کو توڑا گیا ہو اور موصول کنندہ کو نقصان یا خطرے کا اشارہ موجود ہو۔
- افراد پر دھمکی سے متعلقہ الزامات میں مقدمات چلانے کے لیے امریکی حکومتی صلاحیت بہت سے عوامل پر منحصر ہے، جیسا کہ: ثبوت کا معیار، عمل کے مرتکب افراد کی نشاندہی کرنے کی قابلیت، کسی سازش کی نشاندہی اور / یا مرتکب افراد کو گرفتار کرنے کی قابلیت۔

اگر ایف بی آئی تفتیش شروع کرتی ہے تو مجھے کیا توقع کرنی چاہیے؟

- اگر ایف بی آئی کو یقین ہو کہ ممکنہ طور پر وفاقی جرم کا ارتکاب ہوا ہے، تو ایف بی آئی کا ایک یا اس سے زیادہ سپیشل ایجنٹس تفتیش کریں گے۔ تفتیش کے دوران سپیشل ایجنٹس ثبوت اکٹھے کریں گے جس میں آپ اور دیگر متاثرین سے ساتھ انٹرویو شامل ہو سکتا ہے۔
- ہو سکتا ہے کہ آپ سے کہا جائے کہ آپ وفاقی گرینڈ جیوری کے سامنے اپنا تجربہ بیان کریں۔
- مکمل تفتیش انجام دی جائے گی۔ ہو سکتا ہے کہ تفتیش مکمل ہونے میں لمبا عرصہ لگے اور آپ کو کیس کے بارے میں ہر روز ہونے والے انکشافات کے بارے میں آگاہ نہیں کیا جائے گا۔ پوری کوشش کی جائے گی کہ تفتیش کے بڑے واقعات، جیسا کہ گرفتاری اور فردِ جرم کی عائد ہونے، سے آپ کو مطلع رکھا جائے۔ ایف بی آئی پُرعزم ہے کہ جب بھی ممکن ہو عوامی اشاعت سے پہلے آپ کو ایسی معلومات فراہم کی جائیں۔ تاہم، ایف بی آئی کے لیے ہمیشہ محتاط رہنا ضروری ہے کہ کوئی ایسی حساس معلومات عیاں نہ کیں جائیں جن سے تفتیش کو نقصان پہنچے یا قانون نافذ کرنے والے کو مزید خطرے کا سامنہ ہو۔
- ایف بی آئی کا کوئی ماہر برائے متاثرین، نشاندہی شدہ متاثرین کو معاونت، معلومات اور ممکنہ ضرورت میں مقامی وسائل کا حوالہ دینے کے لیے دستیاب ہو گا۔

اگر آپ کو دی گئی دھمکی یا ہراسانگی کی تفصیلات کی اطلاع دینے کے نتیجے میں تفتیش نہیں بھی ہوتی، تو بھی ممکن ہے کہ آپ ایف بی آئی کی مدد کر رہے ہوں کہ وہ دھمکیوں پر نظر رکھ کر اور رُجحانات کی شناخت کر کے دوسرے متاثرین کی مدد کر سکیں۔

ایف بی آئی کے فیلڈ آفس سے رابطے کی معلومات کی فہرست، شہر اور ریاست کے حساب سے WWW.FBI.GOV پر موجود ہے۔ اگر آپ ناگزیر خطرے میں ہیں تو 911 پر کال کریں۔